02.12.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

**Music**

..................................

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی مختلف معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کی وجہ سے آج لگاتار پانچویں دن کسی خاص کام کاج کے بغیر دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

☆ بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش ترپاٹھی نے اعلان کیا ہے کہ اگلے دس سال میں 96 بحری جہازوں اور آبدوزوں کو بحری فوج میں شامل کیا جائے گا۔

☆ موجودہ مالی سال میں نومبر کے مہینے تک ملک میں کوئلے کی مجموعی پیداوار میں پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے 35 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ فلسطینی پناہ گزینوں سے متعلق اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی نے مسلح لوٹ مار کے واقعات کے تناظر میں Kerem Shalom کے راستے غزہ کیلئے امدادی سرگرمیاں معطل کردی ہیں۔

☆ زمین کے بنجر ہونے کے سلسلے کو روکنے کی خاطر متعلقہ ملکوں کا اقوامِ متحدہ کنونشن سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں شروع ہوگیا ہے۔

☆ اور کیرالہ میں سمندری طوفان فینجل کے بعد ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے تناظر میں کئی ضلعوں کیلئے ریڈ اور اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ لوگوں سے محفوظ مقامات پر جانے کیلئے کہا گیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Par Adjourn**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں آج لگاتار پانچویں دن کوئی خاص کام کاج نہیں ہوسکا اور دونوں ایوانوں کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اپوزیشن نے مختلف معاملات پر آج بھی ہنگامہ آرائی کی۔ اِن میں ایک سرکردہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور اترپردیش کے سنبھل میں تشدد کا معاملہ شامل ہے۔لوک سبھا میں پہلی بار ملتوی کئے جانے کے بعد کارروائی جب دن میں 12 بجے پھر شروع ہوئی تو اُس وقت بھی صورتحال کوئی مختلف نہیں تھی۔ کانگریس، ساجوادی پارٹی، DMK اور دیگر پارٹیوں کے ارکان نعرے بازی کرتے ہوئے پھر سے ایوان کے وسط میں آگئے۔ شوروغل کے تناظر میں جہازرانی محکمے کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے ساحلی جہازرانی سے متعلق بل 2024 پیش کیا۔صدرنشیں نے مختلف معاملات

پر اپوزیشن کی جانب سے دیئے گئے التوا کے نوٹس مسترد کردیئے اور مشتعل ارکان سے اپیل کی کہ وہ ایوان میں نظم وضبط برقرار رکھیں، مگر اِس اپیل کا اُن پر کوئی اثر نہیں ہوا۔ بعد میں ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔راجیہ سبھا میں بھی پہلی بار ملتوی کئے جانے کے بعد کارروائی جب 12 بجے پھر شروع ہوئی تو اپوزیشن ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ کانگریس، سماجوادی پارٹی، عام آدمی پارٹی، DMK اور دیگر پارٹیوں کے کچھ ارکان کھڑے ہوگئے۔ شوروغل کے دوران چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے سوالوں کا وقفہ شروع کرنے کی کوشش کی۔ جب شوروغل ہوتا رہا تو اُنہوں نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی۔

**Naval Chief Navy**

بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش ترپاٹھی نے کہا ہے کہ اگلے دس سال میں 96 بحری جہازوں اور آبدوزوں کو بھارتی بحریہ میں شامل کیا جائے گا۔ اُنہوں نے بتایاکہ 62 بحری جہازوں اور ایک آبدوز کی تعمیر کا کام چل رہا ہے اور اگلے سال تک ہر مہینے ایک بحری جہاز بحریہ میں شامل کیا جائے گا۔ نئی دِلی میں بحریہ کے یوم تاسیس کے سلسلے میں سالانہ پریس کانفرنس کے دوران نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے ایڈمرل ترپاٹھی نے کہاکہ بحریہ کا دن اوڈیشہ کے شہر پوری میں اِس مہینے کی چار تاریخ کو منایا جائے گا۔پاکستان کی بحریہ کی بڑھتی ہوئی بحری صلاحیت کے بارے میں بحری فوج کے سربراہ نے کہاکہ پاکستانی بحریہ کے کئی بحری جہاز اور آبدوزیں چین کی مدد سے بنائی جارہی ہیں، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ چین، پاکستان کی بحریہ کو زیادہ مضبوط بنانا چاہتا ہے۔ اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت ہمسایہ ملکوں سے لاحق سبھی طرح کے خطرات سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

**Goyal Youth**

کامرس اور صنعتوں کے محکمے کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے نوجوانوں کو تعلیم اور ہنرمندی کے ساتھ بااختیار بنائے جانے کی ضرورت پر زور دیا ہے، تاکہ وہ مستقبل کے چیلنجوں کا سامنا کرسکیں۔ وہ آج نئی دِلی میں بھارتی صنعتوں کی کنفیڈریشن CII کی 29ویں ساجھیداری سربراہ کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ جناب پیوش گوئل نے زور دے کر کہا کہ بھارت کو ایک ایسا ملک ہونے پر فخر ہے، جہاں اپنی ثقافت اور روایات کو برقرار رکھتے ہوئے رفتار، بڑے پیمانے، مضبوطی اور پختہ عزم کے ساتھ کام انجام دیئے جاتے ہیں۔

**UPI-October**

وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ اِس سال اکتوبر کے مہینے میں ادائیگیوں کے متحدہ نظام UPI کے ذریعے تقریباً 16 ارب 58 کروڑ مالی لین دین ہوئے ہیں، جو ایک ہی مہینے میں کئے جانے والے لین دین کے تناظر میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ اِس سے پچھلے سال کے اکتوبر مہینے کے مقابلے 45 فیصد اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔

**Coal Production**

موجودہ مالی سال میں نومبر کے مہینے تک ملک میں کوئلے کی مجموعی پیداوار میں پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے 35 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔کوئلے کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ صرف نومبر کے مہینے میں ہی کوئلے کی مجموعی پیداوار ایک کروڑ 70

لاکھ ٹن رہی، جبکہ گزشتہ آٹھ مہینوں کے دوران یہ گیارہ کروڑ 20 لاکھ ٹن کی سطح تک پہنچ گئی۔

**Mandaviya Briefing**

مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ سرکار صحت کے شعبے کو کم خرچ اور زیادہ قابل رسائی بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔ آج نئی دِلی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر مانڈویا نے کہاکہ سال 2014 میں 387 میڈیکل کالج تھے، مگر ایک دہائی میں اِن کی تعداد دوگنا ہوکر 780 ہوگئی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا دنیا میں سب سے بڑی طبی اسکیم کے طور پر اُبھری ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ مذکورہ اسکیم کے تحت 12 کروڑ کنبوں کو پانچ لاکھ روپے کا صحت بیمہ مل رہا ہے اور اِسے 70 سال اور اِس سے زیادہ عمر کے لوگوں تک توسیع دی گئی ہے۔

**PM-Film**

وزیراعظم نریندر مودی آج پارلیمنٹ کی لائبریری عمارت میں GMC بالایوگی Auditorium میں ہندی فلم "سابرمتی رپورٹ" دیکھیں گے۔ یہ فلم گجرات میں فروری دو ہزار دو میں گودھرا ٹرین جلنے کے واقعے پر مبنی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر پچھلے مہینے جناب مودی نے یہ کہا تھا کہ یہ بات خوش آئند ہے کہ سچائی سامنے آرہی ہے اور عام لوگ بھی اسے دیکھ سکیں گے۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا تھا کہ کوئی بھی فرضی بیان بازی محدود مدت تک ہی برقرار رہ سکتی ہے اور حقائق آخر کار ہمیشہ سامنے آجاتے ہیں۔

**UN Gaza Aid**

فلسطینی پناہ گزینوں سے متعلق اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی نے غزہ جانے والے Kerem Shalom راستے سے اپنی امدادی سرگرمیاں معطل کردی ہیں۔ مسلح لوٹ مار کے واقعات کے تناظر میں ایسا کیا گیا ہے۔ اِن واقعات کی وجہ سے محصور علاقے کیلئے انسانی ہمدردی کی امداد میں خلل پڑا ہے۔ مسلح گروہوں نے پچھلے مہینے کی 16 تاریخ کو امدادی ٹرکوں کے پورے قافلے کو اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ اِس کے بعد 29نومبر کو بھی غذائی اشیاء سے لدے ہوئے ٹرکوں پر حملہ کیا گیا۔ اِسی پس منظر میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔اقوام متحدہ کے تخمینوں کے مطابق غزہ جانے والی ایک تہائی امداد چوری کی جارہی ہے اور اِس طرح کی منظم لوٹ مار کے بیشتر واقعات اُن خطوں میں ہورہے ہیں، جہاں اسرائیلی فوج ڈرون کے ذریعے نگرانی کرتی ہے، مگر وہاں زمینی افواج کی کمی ہے۔

**Cop-16**

زمین کے بنجر ہونے سے نمٹنے سے متعلق اقوام متحدہ کا دنیا کا سب سے بڑا کنونشن آج ریاض میں شروع ہوا، جس میں عالمی رہنما، پالیسی ساز اور ماحولیات کے ماہرین یکجا ہورہے ہیں۔ آج سے 13 دسمبر تک ہونے والی اِس اہم کانفرنس کا مقصد پوری دنیا میں زمین کی بحالی اور خشک سالی سے نمٹنے سے متعلق اقدامات میں تیزی لانا ہے۔ آج اِس کے افتتاحی دن خشک سالی سے نمٹنے سے متعلق ریاض عالمی پہل سمیت مختلف اہم اقدامات کا آغاز کیا جائے گا۔ اِس اہم پروگرام کا مقصد خشک سالی سے نمٹنے کی خاطر مختلف ملکوں کے مشترکہ اقدامات کو تقویت دینا ہے۔

**Kerala Red Alert**

بھارتی موسمیات محکمہ نے کیرالہ میں سمندری طوفان فنجل کے پیش نظر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بننے کے سبب اگلے چار دن کے دوران شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ آج ریاست کے چار اضلاع Malapuram، کوزی کوڈ، وائناڈ اور کنور میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کے مختلف ضلعوں میں اورینج الرٹ بھی جاری کیا گیا ہے۔ لوگوں سے محفوظ مقامات پر جانے کے لیے کہا گیا ہے۔